لاہور اسلام آباد ملتان جھنگ چنیوٹ فیصل آباد میں کثیر تعداد میں پڑھا جانے والا اخبار

DAILY
NAWA-I-WAQT
Youth Lahore

روزنامہ
چیف ایڈیٹر
رانا محمد ثقلین

نوائے وقت یوتھ
لاہور

مینجنگ ڈائریکٹر
چوہدری وامق رامے

ریزیڈنٹ ایڈیٹر:
محمد سلیم سلیمی

سب ایڈیٹر
ملک ثاقب منظور

جلد نمبر 01 | منگل 07 محرم الحرام 1448ھ 23 جون 2026ء 09 ہاڑ | شمارہ نمبر 106

# عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

## باہمی احترام اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے



میلسی (ڈپٹی بیورو چیف) عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا پُرتپاک خیر مقدم کرتی ہے اور اسے علاقائی اور عالمی امن کی جانب ایک عظیم پیش رفت قرار دیتی ہے۔ یہ بات نعیم احمد مرزا ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور ممتاز مغل ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروگرام عورت فاؤنڈیشن نے ایک اسلام آباد ایک میٹنگ میں کی انہوں نے کہا کہ تاریخ کے اس اہم لمحے کا پوری دنیا اور امن پسند انسانیت کو شدت سے انتظار تھا۔ عورت فاؤنڈیشن اس بات پر پختہ یقین رکھتی ہے کہ پائیدار امن صرف مکالمے، سفارت کاری، باہمی احترام اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ عورت فاؤنڈیشن پاکستان کے وزیرِ اعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی انتھک، قابلِ ستائش اور مؤثر کاوشوں کو سراہتی ہے، جن کی مدبرانہ قیادت اور علاقائی امن سے وابستگی نے اس تاریخی جنگ بندی کی راہ ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی کوششیں بین الاقوامی سطح پر امن اور استحکام کے فروغ میں پاکستان کے مثبت اور تعمیری کردار کی عکاس ہیں۔ مذید کہا کہ یہ اہم پیش رفت عالمی امن، سلامتی اور اقوام کے درمیان باہمی تعاون کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کرے گی۔ بالخصوص خواتین، بچوں اور دیگر کمزور و محروم طبقات کو۔ انہوں نے کہا پاکستان امن کا گہوارہ ہے یہ ثابت کردیا ہے